پریس ریلیز

گوجرانوالہ 27 مارچ 2024ء

آئیوری کوسٹ کے سفیر اختر محمود اختر نے کہا ہے کہ آئیوری کوسٹ تیزی سے ترقی کرتا ہوا ملک ہے جہاں فرنچ زبان بولی جاتی ہے حال ہی میں پاکستان کا سفارتخانہ بنایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ملک کے ساتھ تجارتی روابط کو استوار کرنے کی ضرورت ہے اور یہ ملک سرمایہ کاری کے اعتبار سے بہترین ملک ہے۔انہوں نے کہا کہ آئیوری کوسٹ کی 65 فیصد آبادی زراعت پر مشتمل ہے جہاں زرعی مشینری خصوصاً پاکستانی ٹریکٹر کی بڑی مانگ ہے۔انہوں نے بتایا کہ وہاں سے بہترین کوالٹی کی کاٹن سستے داموں امپورٹ کر کے پاکستان کی ٹیکسٹائل انڈسٹری پیداواری عمل کو زیادہ بڑھا سکتی ہے۔اس کے علاوہ کوکا اور کاجو بڑے پیمانے پر کاشت ہوتا ہے جو سستے ریٹس پر امپورٹ کر مہنگے داموں ایکسپورٹ کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج آپ کے پاس آنے کا مقصد صرف یہی ہے کہ معلومات کا تبادلہ کر کے پاکستان کی معیشت کو مضبوط کیا جائے جس کیلئے ہم سب کو مل کر کوشش جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ ہنرمندوں کا شہر ہے اور یہاں کی مصنوعات آئیوری کوسٹ کے سفارتخانے میں ڈسپلے کریں جس کیلئے سفارتخانہ آپ کے ساتھ مکمل تعاون کرنے کی تیار ہے۔اس کے علاوہ تجارتی وفود کے تبادلہ بڑی اہمیت کا حامل ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اراکین سے خطاب کے دوران کیا۔جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر ضیاء الحق شیخ فیصل ایوب نے کی۔اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم،اراکین مجلس عاملہ سابق صدور اخلاق احمد بٹ،ملک ظہیر الحق،سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل،سابق نائب صدر عرفان یعقوب بٹ کے علاوہ دیگر ممتاز کاروباری شخصیت بھی موجود تھیں۔

قبل ازیں صدر چیمبر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے معزز مہمان کو سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے گوجرانوالہ کی صنعتی اہمیت کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور یقین دلایا کہ بہت جلد ایک تجارت وفد آئیوری کاسٹ کے لئے روانہ کیا جائے گا تا کہ معلومات کے تبادلہ کر کے دونوں ممالک کی تجارت کو فروغ دیکر ملکی معیشت کو مستحکم کیا جاسکے۔